ilmkidunya

علم کی دنیا

Urdu - ICOM Part 1 Urdu Compete Book Short Questions Preparation

Q1. پڑوسیوں سے تعلقات کی نوعیت کیسی ہونی چاہیے.

Ans 1: پڑوسیوں سے اپنے سگوں جیسے تلقات استوار کرنا چاہیں.

Q2. شکاری کا کردار کس بات کی علامت ہے.

Ans 1: شکاری کا کردار بیرونی دشمن اور حملہ آور کی علامت ہے

Q3. مصنف گھر میں مرغیاں پالنے کا کیوں روادار نہیں ہے.

Ans 1: مصنف مرغیاں کھانے کا زیادہ شوقین ہے اس لیے وہ گھر میں انہیں پالنے کا روادار نہیں ہے.

Q4. کبوتر، گدھ اور سانپ دوستی اور باہمی تعاون پر کیوں امادہ ہوئے.

Ans 1: جنگل میں آنے والےخطرات اور مشکلات سے نپٹنے کے لیے وہ دوستی اور تعاون پر آمادہ ہوئے.

Q5. ابن انشائ کے مطابق" دنیا سے زیادہ تو ہم گول ہوگئے" وہ کیسے.

Ans 1: ابن انشا کے بقول وہ بیکنگ سے لڑھکے تو پیرس پہنچے اور کوپن ہیگن سے پھسلے تو کولمبو میں آکر رکے بلکہ جاگرے دم لیا

Q6. آدمی جانور کیوں پالتا ہے.

Ans 1: آدمی جانور اس لیے پالتا ہے کہ وہ محبت کا بھوکا ہوتا ہے

Q7. مصنف کے خیال میں گندے آنڈوں کا کیا مصرف ہے.

Ans 1: مصنف کے خیال میں گندے انڈے ہوٹلوں اور سیاسی جلسوں کے لیے دگنے داموں بیچے جاسکتے ہیں.

Q8. کبوتر کو کس بات کی علامت قرار دیا جاتا ہے.

Ans 1: کبوتر کو امن اور سلامتی کی علامت قرار دیا جاتا ہے

Q9. کبوتر اور کبوتری کیسی زندگی بسر کررہے تھے

Ans 1: کبوتر اور کبوتری امن اور چین کی زندگی بسر کررہے تھے

Q10. ابن انشاء مضمون لکھتے ہوئے کس شہر میں تھے

Ans 1: ابن انشائ مضمون لکھتے ہوئے سنگا پور میں تھے

Q11. اگر گھوڑے کی آواز بھی مرغ کے تناسب سے بنائی گئی ہوئی تو جنگوں میں کس چیز کی ضرورت پیش نہ آتی.

Ans 1: بقول مصنف اگر گھوڑے کی آواز بھی مرغ کے تناسب سے بنائی گئی ہوئی ہو تو تاریخی جنگوں میں توپ چلانے کی ضرورت پیش نہ آتی

Q12. یوسفی صاحب کے نزدیک تازہ انڈوں کی کیا خوبیاں ہیں.

Ans 1: یوسفی صاحب کے نزدیک ہزاروں خوبیاں ایسی کہ ہر خوبی پر دم نکلے

Q13. "تم ہمیں ہر امتحان میں ثابت قدم پاؤ گے" یہ الفاظ کس نے کس کوکہا.

Ans 1: سانپ نے جب یہ کہا دوستی کی خاطر جان بھی قربان کرنا پڑتی ہے تو کبوتر اور گدھ نے بیک وقت سانپ سے کا تم ہمیں ہر امتحان میں ثابت قدم پاو گے.

Q14. آملیٹ بگاڑنے کے لیے کیا چیز درکار ہے.

Ans 1: آملیٹ بگاڑنے کے لیے غیر معمولی سلیقہ اور صلاحیت درکار ہے

Q15. ابن انشا کو اس جزیرہ پر کس سے مڈبھیڑ کا خطرہ تھا.

Ans 1: ابن انشا کو اس جزیرے پر کسی پیر تسمیہ بابا کسی شہزادی مہر افروز سے مڈ بھیڑ کا خطرہ تھا.

Q16. مرغیوں کی نسل کس تناسب سے بڑھتی ہے.

Ans 1: مرغیوں کی نسل دو اور چار کے تناسب سے بڑھتی ہے

Q17. ابن انشا نے قیام کی کیا راحتیں اور برکتیں بیان کی ہیں.

Ans 1: نہ پاسپورٹ کی فکر، نہ ویزا لگوانے کےلے بھاگ دوڑ، نہ فارن ایکسچینج کاٹنا اور نہ ہوائی کمپنیوں کے پھیرے قیام کرنے سے ان تمام چیزوں سے انسان کو چھٹکارا حاصل ہوجاتا ہے.

Q18. مرغ کی آواز اور اس کی جسامت میں کیا تناسب ہے.

Ans 1: مرغ کی اواز اور اس کی جسامت میں ایک اور سو کا تناسب ہے

Q19. معاشرے کی بقا کے لیے امداد باہمی کی کیا اہمیت ہے۔.

Ans 1: ایک دوسرے کی مدد اور تعاون کے بغیر زندگی نہیں گزاری جاسکتی ہےمعاشرے کی بقا کا انحصار امداد باہمی پر ہے.

Q20. شکاری نے آگ کیوں جلائی.

Ans 1: درخت پر کبوتری کا گھونسلا تلاش کرنے کے لیے شکاری نے آگ جلائی